NYC Consumer Affairs

Bill de Blasio
Mayor

Lorelei Salas
Commissioner

ملازمین کے حقوق کا نوٹس

آیاؤں، گھر کی صفائی کرنے والوں اور دیگر گھریلو کارکنان کے لیے

نیو یارک سٹی کے کمائے ہوئے محفوظ اور بیماری کے وقت سے متعلق ایکٹ (Earned Safe and Sick Time Act) (محفوظ ادائیگی اور بیماری کی چھٹی سے متعلق قانون) کے تحت گھریلو کارکنان کو محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا حق ہے۔ قانون کے بارے میں مزید جاننے کے لیے nyc.gov/PaidSickLeave پر جائیں۔

جو گھریلو کارکنان براہ راست انفرادی گھرانے والے آجروں کے لیے کام کرتے ہیں ان پر لازم ہے کہ اپنی ملازمت شروع کرنے کے وقت سے یا 4 جون 2018 سے، جو بھی بعد میں ہو، اپنے آجر سے یہ تحریری نوٹس موصول کریں۔

آپ کو محفوظ چھٹی کا حق حاصل ہے، جس کا استعمال آپ ایسی صورت میں اعانت حاصل کرنے یا دیگر حفاظتی اقدامات کرنے کے لیے کر سکتے ہیں جب آپ یا آپ کے فیملی ممبر میں سے کوئی گھریلو تشدد یا غیر مطلوبہ جنسی رابطہ، تعاقب، یا انسانی بردہ فروشی کے کسی عمل کا شکار ہو یا اس کا خطرہ ہو۔

آپ کو بیماری کی چھٹی کا حق حاصل ہے، جسے آپ اپنی یا اپنے کسی فیملی ممبر کی نگہداشت اور علاج کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

قانون کے ذریعہ محیط/غیر محیط گھریلو کارکنان:

محیط	**غیر محیط**
آپ قانون کے ذریعہ محیط گھریلو کارکن *ہیں* اگر آپ براہ راست گھرانے یا خاندان کے ذریعہ ملازمت پر رکھے گئے ہیں اور آپ: • بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں • کسی عمر رسیدہ، بیمار، معذور یا رو بہ صحت فرد کو نگہداشت فراہم کرتے ہیں • گھر کی دیکھ ریکھ جیسے کھانا بنانے اور صفائی کرنے سے متعلق خدمات انجام دیتے ہیں	آپ کو قانون کے تحت "گھریلو کارکن" نہیں مانا جاتا ہے اور، اسی وجہ سے محیط نہیں ہیں اگر آپ کسی ایجنسی کے آجر کی معرفت گھرانے کے لیے کالم 1 میں بیان کردہ فرائض انجام دیتے ہیں۔ ایجنسیوں کے بحال کردہ ملازمین قانون کے تحت ایک ملازم کے بطور 40 گھنٹے تک محفوظ ادائیگی اور بیماری کی چھٹی کے مستحق ہو سکتے ہیں قانون کے تحت جو ملازمین محیط ہیں ان کے بارے میں مزید جاننے کے لیے nyc.gov/PaidSickLeave پر جائیں۔ نیو یارک اسٹیٹ کے قوانین کے مقاصد کے مدنظر آپ کو "گھریلو کارکن" اور اضافی تحفظات کا مستحق مانا جا سکتا ہے۔

محفوظ اور بیماری کی چھٹی کی مقدار:

- ملازمت کے ایک سال کے بعد، آپ کے آجر پر ہر سال دو دنوں کی محفوظ ادائیگی اور بیماری کی چھٹی فراہم کرنا لازم ہے۔ سٹی کی چھٹی تین دن کے اس بامعاوضہ آرام کے علاوہ ہے جس کے لیے آپ نیو یارک اسٹیٹ کے قانون کے تحت مستحق ہو سکتے ہیں۔ اسٹیٹ کے قانون کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، labor.ny.gov پر جائیں اور "Domestic Workers' Bill of Rights". (گھریلو کارکنان کے حقوق کا مسودہ قانون) تلاش کریں۔

وہ تاریخ جب سے محفوظ اور بیماری کی چھٹی استعمال کے لیے دستیاب ہوتی ہے:

- آپ بیماری کی چھٹی 1 اپریل 2015 سے یا ملازمت شروع کرنے کے ایک سال بعد، جو بھی بعد میں ہو، استعمال کرنا شروع کر سکے۔
- آپ محفوظ چھٹی 5 مئی 2018 سے یا ملازمت شروع کرنے کے ایک سال بعد، جو بھی بعد میں ہو، استعمال کرنا شروع کر سکتے ہیں۔

محفوظ اور بیماری کی چھٹی استعمال کرنے کی قابل قبول وجوہات:

آپ کام سے چھٹی کے لیے محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا استعمال کرسکتے ہیں جب:

- آپ کو کوئی جسمانی بیماری، چوٹ، یا صحت سے متعلق کیفیت کا سامنا ہو؛ آپ کو اپنی دماغی یا جسمانی بیماری، چوٹ، یا کیفیت کی طبی تشخیص، نگہداشت یا علاج کروانے کی ضرورت ہو؛ آپ کو تدارکی طبی نگہداشت حاصل کرنے کی ضرورت ہو۔
- آپ اہل خاندان میں سے کسی ایسے شخص کی نگہداشت کر رہے ہوں جنہیں دماغی یا جسمانی بیماری، چوٹ، یا صحت کی کیفیت کی طبی تشخیص، نگہداشت یا علاج کی ضرورت ہو؛ یا جنہیں تدارکی طبی نگہداشت کی ضرورت ہو۔
- آپ کے آجر کا کاروبار عوامی صحت سے متعلق ایمرجنسی کے سبب بند ہو یا آپ کو کسی ایسے بچے کی دیکھ بھال کرنے کی ضرورت ہو جس کا اسکول یا بچے کو نگہداشت فراہم کرنے والا عوامی صحت سے متعلق ایمرجنسی کے سبب چھٹی پر ہو۔
- آپ یا آپ کا کوئی فیملی ممبر گھریلو تشدد یا غیر مطلوبہ جنسی رابطہ، تعاقب، یا انسانی بردہ فروشی کے کسی عمل کا شکار ہو یا اس کا خطرہ ہو اور آپ کو اپنی یا اپنے فیملی ممبر کی جسمانی، نفسیاتی، یا معاشی صحت و سلامتی کی بحالی کے لیے یا آپ سے وابستہ یا آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگوں کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کرنے ہوں، بشمول:
    - خانگی تشدد سے متعلق پناہ گاہ، عصمت دری سے متعلق بحرانی مرکز، یا دیگر خدمات والے پروگرام سے خدمات کا حصول۔
    - اپنی یا اپنے فیملی ممبران کی سلامتی کے تحفظ کے لیے حفاظتی منصوبہ بندی، مقام کی تبدیلی، یا دیگر اقدامات میں شرکت کرنا، بشمول بچوں کو نئے اسکول میں داخلہ دلانا۔
    - حراست؛ باضابطہ معائنہ؛ ازدواجی مسائل؛ تحفظ کے فرامین؛ امیگریشن؛ رہائش؛ ملازمت میں تفریق، رہائش، یا کنزیومر کریڈٹ سے معلومات اور مشورے کے حصول کے لیے اٹارنی یا سوشل سروس فراہم کنندہ سے ملاقات۔
    - لاء انفورسمنٹ کے پاس کسی گھریلو واقعہ کی رپورٹ درج کروانی ہو یا ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفتر میں ملاقات کرنی ہو۔

مزید <

فیملی ممبرز:
قانون درج ذیل افراد کو "فیملی ممبرز" قرار دیتا ہے:

- کوئی ایسا فرد جس کا ملازم کے ساتھ قریبی تعلق خاندان کے مساوی ہے
- بچہ (فطری، گود لیا ہوا، یا رضاعی بچہ؛ قانون کے تحت زیر تولیت بچہ؛ کسی ملازم کا زیر نگرانی بچہ *قائم مقام والدین کے معاملے میں*)
- پوتا/پوتی
- شوہر/بیوی
- ڈومیسٹک پارٹنر
- والدین
- دادا/دادی
- کسی ملازم کے شوہر/بیوی یا ڈومیسٹک پارٹنر کے بچے یا والدین
- بھائی بہن (مختلف باپ والے، گود لیے ہوئے، یا سوتیلے بھائی بہن)
- ملازم کے ساتھ خونی رشتے والا کوئی دیگر فرد

پیشگی نوٹس:
اگر ضرورت متوقع ہے، تو آپ کے آجر کو آپ کے ذریعہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا استعمال کرنے کے آپ کے ارادے سے متعلق پیشگی سات دنوں تک کے نوٹس کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اگر ضرورت غیر متوقع ہے تو، آپ کا آجر آپ سے جب بھی قابل عمل ہو نوٹس کا تقاضا کر سکتا ہے۔

دستاویزی شہادت:
اگر آپ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے طور پر لگاتار تین سے زیادہ دنوں کا استعمال کرتے ہیں تو آپ کا آجر دستاویزی شہادت طلب کر سکتا ہے۔ بامعاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا قانون آجر کو نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بیماری کی چھٹی کی طبی وجہ کی صراحت طلب کرنے یا محفوظ چھٹی سے متعلق دستاویزی ثبوت میں گھریلو تشدد یا غیر مطلوبہ جنسی رابطہ، تعاقب، یا انسانی بردہ فروشی سے متعلق تفصیلات بیان کرنے کا تقاضا کرنے سے روکتا ہے۔ دوسرے قوانین کے تحت افشاء کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

آپ کو محفوظ اور بیماری کی چھٹی استعمال کرنے کے لیے اپنے آجر کی جانب سے کسی انتقامی کارروائی سے محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے۔

آپ کا آجر ان چیزوں کے لیے آپ کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کر سکتا:

- محفوظ اور بیماری کی چھٹی کی درخواست کرنا اور استعمال کرنے کے لیے۔
- DCA سے متعلق قانون کی مبینہ خلاف ورزی کے لیے شکایت درج کروانے کے لیے۔
- کسی فرد، بشمول ساتھی کارکنان کے ساتھ قانون کی خلاف ورزی کے بارے میں مواصلت کرنے کے لیے۔
- قانون کی کسی مبینہ خلاف ورزی کے سلسلے میں عدالتی کارروائی میں حصہ لینے کے لیے۔
- کسی دیگر فرد کو اس فرد کے ممکنہ حقوق کے بارے میں بتانے کے لیے۔

انتقامی کارروائی میں، قانون کے تحت عطا کردہ کسی حق کے استعمال یا استعمال کی کوشش کرنے پر آپ کے خلاف دھمکی، تادیب، برخاستگی، عہدے میں تنزلی، معطلی، یا آپ کے گھنٹوں میں کمی، یا آپ کے خلاف ملازمت سے متعلق کسی منفی کارروائی کا استعمال کرنا شامل ہے۔

آپ کو شکایت دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔

آپ DCA کے پاس شکایت دائر کر سکتے ہیں۔ شکایت فارم حاصل کرنے کے لیے، آن لائن nyc.gov/PaidSickLeave پر جائیں یا 311 (212-NEW-YORK outside NYC) پر کال کریں۔

DCA تفتیش کرے گی اور آپ کی شکایت کو حل کرنے کی کوشش کرے گی۔ DCA آپ کی شناخت کو راز میں رکھے گی تاوقتیکہ تفتیش کی انجام دہی، شکایت کے حل کے لیے، یا قانون کے ذریعہ افشاء ضروری ہو۔

اس نوٹس اور ان تمام دستاویزات کی ایک کاپی اپنے پاس رکھیں جو آپ کے ذریعہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے حصول کی تعداد اور استعمال کو دکھاتا ہو۔

یاد رکھیں: حاصل کردہ محفوظ اور بیماری کے اوقات کا قانون محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے کم از کم تقاضوں کا تعین کرتا ہے۔ آپ کے آجر کی چھٹی کی پالیسیاں پہلے سے ہی قانون کے مطابق یا اس سے آگے ہو سکتی ہیں۔

آپ کو یہ نوٹس انگریزی زبان میں، اور اگر DCA کی ویب سائٹ پر موجود ہو تو، آپ کی بنیادی زبان میں حاصل کرنے کا حق ہے۔

مزید معلومات بشمول اکثر پوچھے گئے سوالات کے لیے، nyc.gov/PaidSickLeave پر جائیں یا **311** پر کال کرکے بامعاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے بارے میں معلومات طلب کریں۔